## سوال

(100)چار سنتیں ایک سلام سے پڑھی جائیں تو آخری دو رکعتوں میں سورہ فاتحہ کے علاوہ کوئی اور سورت ملائی جائے یا نہ ۔

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر چار رکعت سنتیں ایک سلام کے ساتھ پڑھی جائیں تو چاروں رکعتوں میں علاوہ سورۃ فاتحہ کے اور کوئی سورۃ یا آیت ملائی جائے یا صرف دو رکعت اول میں ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سنتوں اور نفلوں کی چاروں رکعتوں میں سورہ فاتحہ کے ساتھ اور کوئی سورۃ یا آیتیں ملانی ضروری ہیں ، اور فرضوں کی دونوں اخیر رکعت میں صرف فاتحہ پر اکتفاء کرنا جائز ہے ۔

## فتاویٰ علمائے حدیث

### جلد2 ص 97

### محدث فتویٰ